الصَّالِحِ وَالسُّوءِ كَحَامِلِ الْمِسْكِ وَنَافِخِ الْكِيرِ فَحَامِلُ الْمِسْكِ
إِمَّا أَنْ يُهْدِيَكَ وَإِمَّا أَنْ تَبْتَاعَ مِنْهُ وَإِمَّا أَنْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا
طَيِّبَةً وَنَافِخُ الْكِيرِ إِمَّا أَنْ يُحْرِقَ ثِيَابَكَ أَوْ تَجِدَ مِنْهُ رِيحًا خَبِيثَةً
مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ روایت ہے ابی موسی سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے مثل ہمنشین نیک اور بد کے مانند اوٹھانے والے مشک اور
پھونکنے والے بھٹی کے ہے پھر اوٹھانے والا مشک کا یہہ کہ دیوے دے
تجھے یا یہہ کہ خریدے تو اوس سے یا یہہ کہ پاوے اوس سے ہوا خوشبو
اور پھونکنے والا بھٹی کا یا یہہ کہ جلا دے کپڑا تیرا یا یہہ کہ پاوے تو اوس سے
ہوا بدبو یہہ حدیث متفق علیہ ہے فقط تمام ہوا فارق الاخیار عن الاشرار

سن بارہ سو ارسٹھہ ہجری اور مہینے شعبان مین لکھا

تمسک

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شکر اوس خدا کا جسنے دنیا کی زینت کے لئے سونا پیدا کیا اور اوسکی کہرائی کہوٹائی معلوم
کرنے کو کسوٹی بنائی اور دین کی عزت حاصل کرنے کو سمجھہ کو سونا بنایا اور اوسکی بہلائی برائی
دریافت کرنیکو حدیث اور قران کو کسوٹی ٹہرایا اور درود محمد مصطفی پر جسکی کسوٹی عدالت تمام
عالم مین مشہور ہوئی اور ٹہگ اور دغابازون کے فریب سے ساری خدائی بچ گئی
سو اسے بہائیو سونا بدون لگائے کسوٹی کے مت خرید کرو کیونکہ سونا اور کچا پیتل دونون
کی صورت ایک سے ہے شاید کوئی ٹہگ پیتل کو سونا کہکے بیچ جاوے اور تم اور تمہاری بی بی
پیتل کی نتہہ پہنکر ناک پکڑ پچہتاوے اسیطرح دین مین بعضے جہوٹے دغاباز عالم بنکر جہوٹہا

مسئلہ بنا بنا کتابون مین لکھوا کر بھجواتے ہین سو اگر تمہارے لگائے کسوٹی قرآن اور حدیث کے
کوئی مسئلہ پر چلوگے قیامت مین ہاتھہ سر پر رکھہ کے روؤگے خبردار آج کل کے دنیادار
مولویون نے عجب طرح کا فساد برپا کیا ہے کہ جھوٹھا مسئلہ جو مولویون نے ذہن کی تیزی سے
نکالا ہے بنگلی زبان مین چھپوا کر شرم کے مارے اپنا نام چھوڑ کر دوسریکا نام لکھوا کر بکواتے
ہین اور اونہین مین سے بعضے ایسے ہین کہ امام بارہ ونہین کہسکرا اسیہ مذہب والونکے سامنے
فخر سے بولتے ہین کہ جسطرح آپکے یہان ملا باقر اور کلینی کی بات پر چلنا فرض ہے اسیطرح
ہملوگون کو بھی چارون امام کی بات پر چلنا فرض ہے اور جسطرح تم چار یار مین سے ایک
علی کو مانتے ہو اسیطرح ہملوگ بھی چار امام ہین سے ایک حنفی کو مانتے ہین مگر آج کل ایک
لوگ اسطرح کے پیدا ہوئے ہین کہ امام کے تعزیہ کو توڑ کر اب امام مذہب کو توڑنے
کی فکر کر رہے ہین خدا خیر کرے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تابوتون کی طرح مذہب کو ایک
کر ڈالینگے اور سبکو قرآن اور حدیث پر چلاوینگے فقط

سبحان اللہ ان بنیرتون کو حدیث قرآن پر چلنا غیرت اور رافضی بنتے ہین عزت اسے
بھائی جسکا سونا اچھا ہوتا ہے وہ کسوٹی کو دیکھہ کر خوش ہوتا ہے اور پیتل بیچنیوالا
ناخوش محمد کے کلمہ گو کو چاہیے کہ خدا اور رسول کے باتون پر چلے اور مذہب
کی باتون پر نچلے کیونکہ جناب سید احمدؒ نے صراط المستقیم مین لکھا ہے کہ رواج
پایا چار مذہب نے اور رواج کے معنی بدعت ہے اور جو گنوار مذہب کو فرض
بولتے ہین اسکا جواب سنو اول تو اوسنے پوچھو کہ چارون مذہب فرض ہین تو چارون
پر چلنا ضرور ہوا جسطرح چار وضو مین فرض ہے چارون ادا کرنا ضرور ہوتا ہے
اگر وہ کہین تین کو دل مین مانو ایک پر چلو تو اوسنے کہو کہ اگر کوئی وضو کرنے والا
فقط منہ دھو ڈالے اور تین فرض دل مین مانے تو نماز ہوگی یا نہین اگر کہین کہ نہین ہوگی
تو تم کہو چار مذہب بھی ادا نہو بگے بعضے گھبرا کر کہتے ہین کہ چار مذہب کو مثل چار کتاب
کے جانتے ہین اور چارون پر ایمان لاتے ہین مگر چلتے ہین فقط ایک قرآن پر سو تم جواب
یون کہو کہ قرآن سب کے پیچھے اوترا پچھلے پیغمبر پر اور پہلی کتابین منسوخ ہوگئین بیچ بیچ

اگر مذہب کو تم ایسا ہی جانتے ہو تو تمہاری ہی دلیل سے تین امام کا مذہب منسوخ ہوگیا
اور پچھلے امام کا مذہب باقی رہا دوسرے یہہ کہ تمسے پوچھو کہ محمد رسول اللہ صلعم نے فرمایا
کہ ہمارے امت مین تہتر مذہب ہونگے اسمین سے ایک جنتی ہے اور سب دوزخی سو تم
اس حدیث کو سچ جانتے ہو یا جھوٹھہ اگر کہین کہ ہم سچ جانتے ہین تو تم اونسے پوچھو کہ
حدیث مین تو ایک ہی مذہب جنتی ہے اور تم چار مذہب کو جنتی جانتے ہو سو کہو تو تم
سچے ہو یا نبی اگر کہین کہ ہم سچے ہین اور نبی جھوٹھا تو وہ کافر ہوگئے انکے نزدیک
نبی جھوٹھا ہو اور اگر کہین کہ نبی سچا ہے اور ہم جھوٹھے اور حقیقت مین چارون مذہب ایک ہی
ہے اور ظاہر مین غیریت معلوم ہوتی ہے تو انسے کہو کہ سب مذہب کو ملاکر ایک
مذہب قرار دو اور نام اوسکا محمدی رکھہ دو اور اوس نام پاک سے مت چڑھو کیونکہ تعزیہ دار لے
بھی بولتے ہین بولو محمدی یا حسین تم کیا تعزیہ والے سنی بھی گئی گذری جسطرح جناب سید
احمد صاحب نے سب طریقہ کو ملاکر محمدیہ طریقہ نام رکھہ دیا اگر کوئی پوچھے کہ اوس جناب
نے سب طریقہ کو ملاکر محمدیہ طریقہ نام رکھہ دیا تو پھر چارون طریقہ کا نام کاہیکو لیتے تھے تو
کہو اگر فقط محمدیہ طریقہ مین بیعت لیتے تو لوگ سمجھتے کہ یہ بھی کوئی طریقہ ہے ایک طریقہ کو آدمی
پکڑے رہتے اور اسمین مذہب والے کی طرح جھگڑتے اور اگر چارون کو ایک نسمجھو گے
تو ناحق دوزخی ہوگے سبب اوسکا یہہ ہے کہ اگر چارون مذہب کو تہتر مذہب مین داخل
سمجھوگے اور ایک کو جنتی تو تین امام کو دوزخی کہنا پڑا اور اس عقیدے سے بیشک
دوزخ مین جاؤگے اور اگر چارون کو تہتر سے خارج سمجھوگے تو حساب کے رو سے
ستتر مذہب ٹھہریگا اور حضرت کا تہتر کہنا سچ نہ پڑے گا اور جو حضرت کو صادق نہ سمجھے گا
دوزخ مین پڑے گا نعوذ باللہ منہا پناہ مانگو ایسے عقیدے سے اور چارون مذہب
کو ملاکر ایک مذہب محمدیہ قرار دو اور اسمین اگلے لوگون کیطرح فرقہ فرقہ مت ہو
تیسرے یہ کہ فرض تو دو طرح کا ہوتا ہے بعضے چیز کا حق جاننا فرض ہے جیسے بہشت
اور دوزخ کہ صرف جاننے ہی سے فرض ہوجاتا ہے سو ہم تمسے پوچھتے ہین کہ چار مذہب
پر چلنا فرض ہے یا جاننا اگر وہ کہین کہ جاننا فرض ہے تو تم کہو پھر کسی مذہب پر چلنا کیا ضرور

فقط جاننا کفایت کرتا ہے چوتھے یہہ کہ بعض گنوار بولتے ہین کہ اگر مذہب بدعت ہوتا تو چاہیے
مصلا یکہ ہین کیون ہوتے اوسنے پوچھو کہ چار مصلے تو چارون امام کے جو تھے قرن مین یعنی
پیچھے سیکڑون برس کے بعد بنا بہلا یہہ تمکو کہو انحضرت صلعم اور صحابہ کا مصلا کیا ہوا کوئی
چور اگر کہین چہپا رکہا ہے یا نہین چارین سے کوئی ہے اگر تم جانتے ہو تو بتلا انحضرت
کا کون مصلا ہے ہم اوسیکو اختیار کرین اور اگر وہ کہین کہ چارون مصلا حضرت ہی کا
ہے تو کہو پہر اوروں نکا نام کا ہیکو لیتے ہو چارون مصلا محمدیہ ہے جیسے چاہو ویسے پڑھو
نقل مشہور ہے کہ جسکا کہائے اوسکا گائے اور اگر کہین ہم نہین جانتے ہین تو کہو بس تم
جاہل ہو علم کا دعوی مت کرو اور اگر مصلہ کی تحقیق تمکو منظور ہو تو پیران پیر جناب مولانا
شاہ عبد العزیز رح کی تفسیر مین جسکا نام فتح العزیز ہے سورہ بقر مین وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا
تَعْمَلُوْنَ کے تحت مین پانسو انتیس صفحہ مین واقع ہے اور تصحیح سے ایسے شخص کی کہ سردار
عالمون اور حافظون کے ہین چہپی ہے دیکہہ لو کہ بدعت ہے یا نہین اور پانچوین یہہ کہ بعضے گنوار
بربند پیغمبر محمد یون پر طعن کرتے ہین اور کہتے ہین کہ رفع یدین کرنیوالون کی عادت فاحشہ کی سی
ہے کہ انکو ایک بس نہین ہوتا اور اپنے تئین سراہتے ہین کہ ہملوگون کی خصلت نیک بی بیونکی
ہے کہ صرف ایک شوہر پر اکتفا کرتے ہین یعنی فقط حنفی کی بات پر چلتے ہین اور دوسرونکی نہین
سنتے ہین اگرچہ محمد صلعم کی بات ہو اور امام ابو حنیفہ رح سب سے بڑے اور گذرے اور پہلے
ہوے اور پہلے کے نام پر بیٹہہ رہنا اور دوسرا خاوند نکرنا نشانی ہے عصمت کی اوسے
پوچھو کہ حضرت موسی اور عیسی محمد رسول اللہ صلعم کے پہلے ہوے اور ان دونون
کے امت مین سے بعضی تابعدار ہوے انحضرت صلعم کے اور بہتیرے پہلی نبیونکے
نام پر بیٹھے ہین سو تمہارے نزدیک کون اچہے ہین اگر کہین کہ جو محمد صلعم کے تابعدار
ہوے وہ اچہے ہین تو کہو اوسے کہ اس سے معلوم ہوا کہ جو امام ابو حنیفہ کے تابعداری
کرتے تھے وہ امام شافعی کے بہی تابعدار ہین اور اونکی بات پر چلتے ہین تو وہ اچھے
ہوے گو تمہارے نزدیک بنی بی ہون نعوذ باللہ منہا اور اگر کہین کہ جو پہلے نبیونکے
نام پر بیٹھے ہین اور محمد کو نہین مانتے وہی اچھے ہوے تو اوسے کہو کہ تملوگ بہلائی مند

یہود اور نصاریٰ سے کہ محمد کا کلمہ کوئی کی دعوت مت کرو اور امام لوگ ہادی تھے اور
ہادیون کی شان مین نسبت شوہریت کرنا بڑی قباحت ہے کیونکہ اگر ہوتا ہے کہ ایک
عورت حنفی ہے اور اوسکی بیٹی اور ماں بھی حنفی کہلاتے ہین اگر یہان بی بی کی نسبت
ہو تو تینونکا ایک کی بی بی کہلانا درست نہین اور امام لوگ بڑے تھے بزرگون کی شان مین
ایسی نسبت کرنی بے ادبی ہے نعوذ باللہ منہا یارو جتنے امام آگے گذرے ہین
سب کو اپنا پیشوا سمجھو اور جو پیچھے ہونیوالے ہین انکی تابعداری مین حیلے نلاو ایسا کروگے
عجب نہین کہ تابعداری سے امام مہدی کے بھی محروم رہو اور اس زمانہ مین جن لوگون
پر تفضیلون کا پرتو پڑا ہے انکا حال یہ ہے کہ ان دہرکے سنو چارون امام کو اپنا پیشوا سمجھتے
ہین مگر ایک امام کو تین امام پر تفضیل دیتے ہین اور اپنے تئین سراہتے ہین اور لطف یہ ہے
کہ اپنے تئین کو نہین دیکھتے دوسرونکی بھولی موسلتے ہین اور مقبولون پر جو چارون مذہب
ہین حق کو دائر سمجھتے ہین عیب لگاتے ہین اور عوام کو انکی صحبت سے روکتے ہین اور مصداق
پوری اس آیت یعنی یَصُدُّونَ عَنْ سَبِیلِ اللّٰہِ وَیَبْغُونَہَا عِوَجًا کے بنتے ہین اور لوگونسے
کہتے ہین کہ نئے مذہب والے اگرچہ چارون امام کو مانتے ہین مگر ایک مذہب کا قرار نہین
دیتے سو یہ انکی گمراہی کی نشانی ہے اے بھائیو ایسے لوگون سے پہلے تو یہ بات پوچھو
کہ جناب امیر المومنین سید احمد صاحب سلمہ اللہ تعالے کے طریقے مین تم نے بیعت حاصل
کی ہے یا نہین اگر کہین نہین تو جواب دینے کا کچھ فائدہ نہین کیونکہ مشعل کا فائدہ آنکھ والون
کو ہوتا ہے اندہے کو کیا فائدہ مثل مشہور ہے کہ اندہے کے سامنے رونا اپنے دیدے کھونا
تمکو خدا نے آنکھ دی ہے اگر کوئی تمکو اندھا کہے تو ہنس ٹال دو اور اگر کہین کہ اس جناب
پاک سے ہمکو بیعت ہے تو تم اونسے کہو کہ ایک بات ہم تمکو پوچھتے ہین جو جواب تمہارا
ہے وہی جواب ہمارا سمجھو اور انسے سوال کرو کہ طریقہ چشتیہ اور قادریہ اور نقشبندیہ
اور مجددیہ اور محمدیہ مین تمکو بیعت ہے اور سبکو تم مانتے ہو مگر کسی طریقہ کا اقرار نہین دیتے
ہو سو تم راہ پر ہو یا گمراہ اگر راہ پر ہو تو ہم بھی راہ پر ہین اور اگر کہین کہ ہم گمراہ ہین تو تم
کہو گمراہ کے کہنے سے ہم چڑتے نہین خدا تمکو راہ پر لاوے پھر فرصت سے

گفتگو کرینگے حاصل یہ کہ جو بات کہ حضرت سے ثابت ہو گو کہ چارون امام کے نزدیک
درست ہے اور رفع یدین کرنا کہ اکثرونکے نزدیک درست ہے اور چھوٹے لڑکے کا
ختنہ کر دینا حنفی مذہب مین درست ہے اسپر طعن اور انکار کرنے سے آدمی کافر ہو جاتا
ہے اور جب کافر ہوا تو اوسکی جورو کو طلاق ہوا اور اگر طعن اور انکار نہین کرتا ہے
اور نکرنے مین اپنی تقصیر کا قائل ہوتا ہے تو اللہ چاہے تو پکڑے ومی اور معاف کرے گا
اگرچہ ساری عمر نکرے اللہ رب العالمین ہم لوگون کو سنت کے انکار اور طعن سے
بچا رکھے امین ـــ یہ رسالہ جسکا نام مَا اَنَا عَلَیْہِ وَ اَصْحَابِی ہے اور مولف کا نام
حافظ ایضاح الحق ہے ـ تمام ہوئی کسوٹی ـ جو لوگ کہتے ہین کہ جو کوئی ان چارون
مذہب مین سے ایک مذہب کو اختیار نکرے تو یہ موجب گمراہی کے ہے ـ جواب
یہ بات صریح جہوٹہ ہے اسواسطے کہ امام مہدی صاحب آخر زمانے مین خروج فرماوینگے
اور دین محمدی اختیار کرینگے تو اون پر بہی مذہب حنفی وغیرہ کا لازم ہوگا یا حضرت عیسیٰ
نزول فرماوینگے تو دین محمدی اونپر فرض ہوگا تو لازم آویگا اونپر بہی مذہب حنفی وغیرہ کا
جیسے رافضی لوگ کہتے ہین کہ علی اوستاد ہین موسیٰ و عیسیٰ وغیرہ کے کسی علما سے بہی
یہ بات ثابت نہین ہے اور یہ اور جیسے بات بدعتی کی ہو کہتے ہین کہ ہر لاش مردے
کی مانند لاش سگ اور خنزیر کے ہے تو لازم آتا ہے ایسی بات سے لاش فاطمہ اور
حسنین اور علی کو اور لاش رسول اللہ صلعم کو بہی نعوذ باللہ منہا ـــ

تمت

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلٰى رَسُوْلِهِ الرَّؤُوْفِ الرَّحِيْمِ وَهَدَانَا
طَرَائِقَ الصِّدْقِ وَالسَّدَادِ وَالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ وَاٰلِهِ الْكِرَامِ وَاَصْحَابِهِ
الْجَلِيْلِ وَاَعَانَهُمْ لَهٗ فِيْ مَنَاهِجِ الْحَقِّ الْعَظِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَمُحَمَّدٌ عَبْدُ اللّٰهِ
الْمُحَمَّدِيُّ جَمَعَ رِسَالَةً عَلٰى خَمْسِ فُصُوْلٍ وَسَمَّاهَا بِمِيْقَاتِ الصَّلَوٰتِ
لِيَنْتَفِعَ بِهَا اَهْلُ الْفَضْلِ وَالنَّجَاتِ سب رحمت اسکا اور سلام اللہ کا رسول پر
اوسکے جو بہت مہربان بہت رحم والا اور دکھلایا ہمین راہین سچائی اور سدھائی کی اور
راہ سیدہی اور اوسکے آل بزرگ پر اور اوسکے اصحاب بزرگ پر اور مدد کیا اوسنے
اونکے واسطے رسول کی راہین حق بڑے کی اسی پر بعد حمد اور نعت کے پس محمد عبد اللہ
محمدی نے جمع کیا ایک رسالہ پانچ فصل پر اور نام رکھا اوسکا ساتھ مِيْقَاتُ
الصَّلٰوةِ کے کہ نفع لیوین اوسکے صاحب فضل اور نجات کے اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ
فِيْ اَوْقَاتِ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ فصل پہلی وقت نمازین فرض مین اَوَّلُ
وَقْتِ الْفَجْرِ مِنْ طُلُوْعِ الْفَجْرِ اِلٰى بُزُوْغِ الشَّمْسِ وَوَقْتُ الظُّهْرِ
مِنْ زَوَالِ الشَّمْسِ اِلٰى قَدَرِ الرَّجُلِ وَوَقْتُ الْعَصْرِ مِنْ ظِلِّ قَدَرِ الرَّجُلِ
اِلٰى وُجُوْبِ الشَّمْسِ وَوَقْتُ الْمَغْرِبِ مِنْ غُرُوْبِ الشَّمْسِ اِلٰى
غَيْبُوْبَةِ الشَّفَقِ وَوَقْتُ الْعِشَاءِ مِنْ طَمْسِ الشَّفَقِ اِلٰى نِصْفِ اللَّيْلِ
وَفِيْ رِوَايَةِ صَاحِبِ الْهِدَايَةِ صَلٰوةُ الْعِشَاءِ اِلٰى قَبْلِ بُرُوْقِ الْفَجْرِ
لٰكِنْ فَضَائِلُ اَوْقَاتِ الْاَوَائِلِ اَكْثَرُ فِي الْاَحَادِيْثِ وَلِتَاخِيْرِهَا
تَهْدِيْدٌ وَتَشْنِيْعٌ وَمِصْدَاقُ ذَا هٰذَا الْحَدِيْثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ

[illegible] الشمس و
اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صلعم قَالَ وَقْتُ الظُّہْرِ اِذَا [illegible]
کَانَ ظِلُّ الرَّجُلِ کَطُوْلِہٖ مَا لَمْ یَحْضُرِ الْعَصْرُ وَ وَقْتُ الْعَصْرِ مَا لَمْ
تَصْفَرَّ الشَّمْسُ وَ وَقْتُ صَلٰوۃِ الْمَغْرِبِ مَا لَمْ یَغِبِ الشَّفَقُ وَ وَقْتُ صَلٰوۃِ
الْعِشَاءِ اِلٰی نِصْفِ اللَّیْلِ الْاَوْسَطِ وَ وَقْتُ الصُّبْحِ مِنْ طُلُوْعِ الْفَجْرِ مَا لَمْ
تَطْلُعِ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ فَاَمْسِکْ عَنِ الصَّلٰوۃِ فَاِنَّہَا
تَطْلُعُ بَیْنَ قَرْنَیِ الشَّیْطَانِ اَخْرَجَہٗ مُسْلِمٌ اول وقت فجر کا طلوع ہونے
صبح صادق سے نکلنے سورج تک اور وقت ظہر کا جھکنے سورج سے سایہ ایک
قدمرد تک اور وقت عصر کا سایہ ایک قدمرد سے ڈوبنے سورج تک اور مغرب
کا ڈوبنے سورج سے غائب ہونے شفق تک اور وقت عشا کا ڈوبنے لالی سے
آدہی رات تک اور روایت ہدایہ میں ہے کہ نماز عشا کی آگے طلوع ہونے فجر
تک لیکن فضائل اول وقتونکی بہت ہے حدیثونمین اور واسطے تاخیر کرنے وقتونکی
جھجکارنا اور منافق کہنا آیا ہے اور دلیل ان باتونکی یہ حدیث ہے روایت ہے
عبداللہ بن عمرو سے بیشک رسول اللہ صلعم فرمایا وقت ظہر کا جب جھکے سورج اور ہو
سایہ مرد کا مانند اوسکے قد کے جب تک نہ آوے وقت عصر کا اور وقت عصر کا جب
تک نہ زرد ہو سورج اور وقت نماز مغرب کے جب تک نہ غائب ہو لالی اور وقت
نماز عشا کے آدہی رات تک اور وقت نماز صبح کے طلوع ہونے صبح صادق سے
جب تک کہ نہ طلوع ہو سورج پہر جب طلوع ہوا سورج پہر بند رہو تو نماز سے اسواسطے
وہ سورج نکلتا ہے درمیان دو سینگہین شیطان کے روایت کیا اس حدیث کو
مسلم نے ف ڈوبتے اور نکلتے سورج پوجا جاتا ہے اسواسطے کہا گیا کہ درمیان
دو سینگہیونکے نکلتا ہے اور معنی اسکے کچہہ آرے نہین مَا جَاءَ مِنْ سُنَنِ
هٰذِهِ الْاَوْقَاتِ فِیْ رِوَایَةِ مُسْلِمٍ عَنْ اُمِّ حَبِیْبَةَ تَقُوْلُ سَمِعْتُ
رَسُوْلَ اللّٰہِ صلعم یَقُوْلُ مَنْ صَلّٰی فِیْ یَوْمٍ ثِنْتَیْ عَشْرَۃَ سَجْدَۃً
تَطَوُّعًا بُنِیَ لَہٗ بَیْتٌ فِی الْجَنَّۃِ فَہٰذَا غَیْرُ صَرِیْحٍ لَا یَحْتَمِلُ صَلٰوۃَ الضُّحٰی

وهي ثنتا عشرة ركعة او يحتمل لتلك الاوقات الركعتان قبل الظهر
والركعتان بعدها والركعتان قبل العصر برواية ابي داود والركعتان
بعد المغرب والركعتان بعد العشاء والركعتان قبل صلوة الفجر و
ماجاء من اربع ركعات قبل الظهر فهي صلوة الزوال وصلّها عبد الله
بن مسعود ثمان ركعات وه كه آئين سنتين ان وقتون سے روايت مسلم مين
ام حبيبه سے كهتين سنا مين نے رسول الله صلعم سے فرماتے جنے نماز پڑہي ايك دن مين
باره ركعت نفل بنايا جاوے اوسكے واسطے گهر بهشت مين پهر يه غير صريح ہے اسواسطے
كه بيشك يهه باره ركعت احتمال ہے نماز چاشت كي واسطے يا احتمال ہے ان پانچون وقت
كے واسطے دو ركعت آگے ظهر كے اور دو ركعت بعد ظهر كے اور دو ركعت آگے عصر كے
ساتهه روايت ابو داود كے اور دو ركعت بعد مغرب كے آگے نماز ظهر كے پس وه نماز
صلوة الزوال ہے اور پڑہا اوس نماز كو عبد الله بن مسعود نے آٹه ركعت والسنة
الراتبة القصر مجة جاءت عشر ركعات عن ابن عمر قال حفظت
من النبي صلعم عشر ركعات ركعتين قبل الظهر ركعتين بعدها
وركعتين بعد المغرب في بيته وركعتين بعد العشاء في بيته وركعتين
قبل الصلوة الفجر متفق عليه اورسنت دائمي صريح آئي دس ركعت ابن عمر سے
كها ياد ركها مين نے نبي صلعم سے دس ركعت كو دو ركعت آگے ظهر كے اور دو ركعت بعد ظهر كے
اور دو ركعت بعد مغرب كے گهر مين كے گهر مين اپنے اور دو ركعت بعد عشاء كے گهر مين اپنے
اور دو ركعت آگے نماز فجر كے يه متفق عليه ہے الفصل الثاني في قصر الصلوة فصل
دوسري قصر نماز مين اذا سافر مسافر ثلاثة اميال او ثلاث فراسخ فليقصر
وليفطر وماجاء من اربعة برد وهي ستة عشر فرسخا فهو مؤول
واذا خرج خارج من بيته قريبا او كان بعيدا او ان وقت الصلوة
فصلي او اذا اقفل قافل ويري بيته نائيا او كان قاربا فصلي مصداقا
ذا هذا الحديث سألت انس بن مالك عن قصر الصلوة فقال كان

رَسُوْلُ اللّٰہِ صلعم اِذَا خَرَجَ مَسِیْرَۃَ ثَلٰثَۃِ اَمْیَالٍ اَوْ ثَلٰثَ فَرَاسِخَ صَلّٰی
رَکْعَتَیْنِ اَخْرَجَہٗ مُسْلِمٌ وَّ اَبُوْ دَاوٗدَ جب کہ سفر کرے سفر کرنیوالا تین کوس کا
پس قصر کرے اور افطار کرے اور جو آیا ہے چون کوس پر قصر اور افطار پس وہ حدیث
موقوف ہے اور جب نکلا نکلنے والا گہر سے اپنے قریب ہو وہ گہر یا بعد اور آیا وقت نماز
کا پہر پڑہے نماز اور جب پہرا پہرنیوالا اور دیکہا گہر کو اپنے دور ہو وہ گہر یا نزدیک پہر نماز
پڑہے دلیل ان سب بات کی یہ حدیث ہے پوچہا انس بن مالک کو قصر نماز سے پہر
کہا تہے رسول اللہ صلعم جب نکلتے راہ تین کوس کی یا نو کوس کی نماز پڑہتے دو رکعت روایت
کیا اس حدیث کو مسلم اور ابوداود نے وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ
صلعم مِنَ الْمَدِیْنَۃِ اِلٰی مَکَّۃَ فَکَانَ یُصَلِّیْ رَکْعَتَیْنِ رَکْعَتَیْنِ حَتّٰی رَجَعْنَا
اِلَی الْمَدِیْنَۃِ قِیْلَ لَہٗ اَقَمْتُمْ بِمَکَّۃَ شَیْئًا قَالَ اَقَمْنَا بِھَا عَشْرًا مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ
وَفِیْ رِوَایَۃِ الْبُخَارِیِّ تِسْعَۃَ عَشَرَ اور روایت ہے انس سے کہا نکلا
مین رسول اللہ صلعم کے ساتہہ مدینہ سے مکہ کی طرف پہر تے نماز پڑہتے دو رکعت یہانتک
تک کہ پہرے ہم مدینہ کی طرف کہا کیا آیا ٹہرے تم مکہ مین کچہہ دس دن یہ حدیث متفق علیہ
ہے اور روایت بخاری مین انیس دن خَرَجَ عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَصَرَ وَھُوَ یَرٰی
الْبُیُوْتَ فَلَمَّا رَجَعَ قِیْلَ ھٰذِہِ الْکُوْفَۃُ قَالَ لَا حَتّٰی نَدْخُلَھَا اَخْرَجَہُ الْبُخَارِیُّ
سفر کیا علی ابن ابیطالب نے پہر قصر نماز کی حالانکہ دیکہتے گہرونکو پہر جب پہرے سفر سے
کہا گیا یہ کوفہ ہے کہا نہین یہان تک کہ داخل ہودین ہم کوفہ کو روایت کیا اس حدیث
کو بخاری نے اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ فِیْ جَمْعٍ کَفْلٍ یُمْ صَلٰوۃِ السَّفَرِ وَھُوَ یُصَلِّی
الْمُصَلِّیْ صَلٰوۃَ الظُّھْرِ عِنْدَ تَمِیْلِ الشَّمْسِ رَکْعَتَیْنِ ثُمَّ یُصَلِّی الْعَصْرَ رَکْعَتَیْنِ
وَجَمْعُ تَاخِیْرِ صَلٰوۃٍ وَھُوَ یُصَلِّیْ صَلٰوۃَ الظُّھْرِ عِنْدَ قَرِیْبِ ظِلِّ قَدِّ الرَّحْلِ
ثُمَّ یُصَلِّی الْعَصْرَ وَقَدْ یُصَلِّی الظُّھْرَ مُنْفَرِدًا وَمِصْدَاقُ ذَا ھٰذَا الْحَدِیْثُ
عَنْ اَنَسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلعم اِذَا ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِیْغَ الشَّمْسُ
اَخَّرَ الظُّھْرَ اِلٰی وَقْتِ الْعَصْرِ ثُمَّ نَزَلَ فَجَمَعَ بَیْنَھُمَا فَاِنْ زَاغَتِ الشَّمْسُ

قَبْلَ اَنْ یَّرْتَحِلَ صَلَّی الظُّهْرَ ثُمَّ رَکِبَ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلعم یَجْمَعُ بَیْنَ صَلٰوةِ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ اِذَا کَانَ عَلٰی ظَهْرِ سَیْرِهٖ وَیَجْمَعُ بَیْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ تفسیر هٰذَا الْحَدِیْثِ

الثانی فصل تیسری جمع تقدیم نماز سفر مین اور وہ نماز پڑھی نماز ہی نماز ظہر کی نزدیک جھکنے سورج کے دو رکعت پھر نماز پڑھی عصر کی دو رکعت اور جمع تاخیر نماز سفر کی اور وہ نماز پڑھی نماز ہی ظہر کے نزدیک قریب ہونے سایہ ایک قدم دو کے پھر نماز پڑھی نماز ہی عصر کی اور کبھی نماز پڑھی رسول اللہ صلعم نے نماز ظہر کی تنہا اور دلیل ان سب بات کی یہ حدیث ہے روایت ہے انس سے کہا تھے رسول اللہ صلعم جب کوچ کرتے آگے جھکنے سورج کے تاخیر کرتے نماز ظہر کی وقت نماز عصر تک پھر اوترتے پھر اکٹھا کرتے درمیان دونو نماز کے پھر اگر جھکتا سورج آگے کوچ کرنے کے نماز پڑھتے ظہر کی پھر سوار ہوتے یہ حدیث متفق علیہ ہے روایت ہے ابن عباس سے کہا تھے رسول اللہ صلعم اکٹھا کرتے درمیان نماز ظہر و عصر کے جب ہوتے سفر مین اور اکٹھا کرتے درمیان نماز مغرب اور عشا کے یہ حدیث متفق علیہ ہے تفسیر اس حدیث کی یہ حدیث آنے والی ہے عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلعم کَانَ فِیْ غَزْوَةِ تَبُوْکَ اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَحِلَ جَمَعَ بَیْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَاِنِ ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَزِیْغَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الظُّهْرَ حَتّٰی یَنْزِلَ الْعَصْرَ وَفِی الْمَغْرِبِ مِثْلُ ذٰلِکَ اِنْ غَابَتْ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَحِلَ جَمَعَ بَیْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ وَاِنِ ارْتَحَلَ قَبْلَ اَنْ تَغِیْبَ الشَّمْسُ اَخَّرَ الْمَغْرِبَ حَتّٰی یَنْزِلَ لِلْعِشَاءِ ثُمَّ جَمَعَ بَیْنَهُمَا اَخْرَجَهُ اَبُوْدَاؤُدَ بِرِوَایَةٍ صَحِیْحٍ روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا بیشک رسول اللہ صلعم تھے جنگ تبوک مین جب جھکتا سورج آگے کوچ کرنے کے اکٹھا کرتے درمیان نماز ظہر اور عصر کے اور اگر کوچ کرتے آگے جھکنے سورج کے تاخیر کرتے نماز ظہر کو یہان تک کہ اوترتے نماز عصر واسطے اور نماز مغرب مین اسیطرح اگر ڈوبتا سورج آگے کوچ کرنے کے اکٹھا کرتے درمیان نماز مغرب اور عشا کے اور اگر کوچ کرتے آگے ڈوبنے سورج کے تاخیر کرتے

نماز مغرب کی یہان تک کہ اوّل وقت نماز عشا کی واسطے پھر اکٹھا کرتے درمیان دونو نماز
کے روایت کیا اس حدیث کو ابوداؤد نے ساتھ روایت صحیح کے الفصل الرابع
فی جمع تقدیم صلوٰۃ الحضر وجمع تاخیر صلوٰتہ ومصداق ذا هذا الحدیث عن
ابن عباس قال صلیت مع رسول الله صلعم ثمانیا جمیعا وسبعا جمیعا متفق
علیہ تفسیر ذا هذا الحدیث القایل فصل چوتھی جمع تقدیم نماز گھر کے بین اور جمع تاخیر
نماز گھر کے بین اور ایک اسباب کی یہ حدیث ہے روایت ہے ابن عباس سے کہا نماز پڑھی مین نے
ساتھ رسول الله صلعم کے ظہر اور عصر کی اکٹھا اور مغرب اور عشا کی اکٹھا یہ حدیث متفق علیہ ہے
تفسیر اس حدیث کی یہ حدیث انیوالی ہے وعن ابن عباس قال جمع رسول الله صلعم
بین الظهر والعصر والمغرب والعشاء بالمدینة من غیر خوف ولا مطر
قال سعید قلت لابن عباس لم فعل ذلک قال کی لا یحرج امته اخرجه
مسلم اور روایت ہے ابن عباس سے کہا اکٹھا کیا رسول الله صلعم نے درمیان نماز ظہر
اور عصر کے اور درمیان نماز مغرب اور عشا کے مدینہ مین خوف سے اور مینہ سے کہا سعید
نے کہا مین نے ابن عباس کے واسطے کسو اسطے کیا رسول الله صلعم نے اسطرح کی نماز تاکہ
نہ تنگی مین ڈالین امت اپنی کو روایت کیا اس حدیث کو مسلم نے اعلموا ان فی جمع
التقدیم وجمع التاخیر وقتین قریب وبعید فالقریب فی الظهرین بین بلاد
السنة فی السفر والبعید من زوال الشمس الی الظل قدر الرجل فی
کذالک القرب والبعد فی المغرب وفی الحضر فاصلة یسیرة بالسنة
فی الظهرین وفاصلة بعیدة بینهما من دلوک الشمس الی الظل
قدر الرجل وکذلک فی العشائین فهذان الوقتان ثابتان من
رسول الانس والجان فی السفر والحضر سوی الفجر لان
وقته من فلق الصبح الی طلوع الشمس لا نوخر فیاخذ هما کل
مطیع السنة السنیة اذا وجد الجماعة المتبعة السنة البهیة
واذا لم یجدها لان امامة الفاجر لیس بجائز فی الحدیث

وَاِمَامَةُ الْاَوْرَعِ جَائِزٌ فِیْ شَرْحِ الْوِقَایَۃِ جانو تم بیشک جمع تقدیم اور جمع
تاخیر مین دو وقت ہین ایک قریب اور دوسرے بعید پس قریب ظہر اور عصر مین بدون سنت
کے سفر مین اور بعید جھکنے سورج سے ایک سایہ قدم و تک اور اسیطرح ہے نزدیک اور دوسر
نماز مغرب اور عشا مین ہے وقت کا اور گھر مین تھوڑا فاصلہ ہے سبب سنت کے نماز ظہر اور عصر
مین اور بہت فاصلہ ہے ظہر اور عصر مین جھکتے سورج سے ایک سایہ قدم و تک اور اسیطرح ہے نماز
مغرب و عشا مین ہے پس یہ دو وقت ثابت ہین رسول آدمی اور جن سے سفر مین اور گھر مین
سوا ے فجر کے اسواسطے کہ بیشک وقت فجر کا طلوع ہوتے صبح صادق سے طلوع ہوتے
سورج روشن تک پھر لیوے ان دو وقتون کو ہر تابعدار سنت پڑہی کہ جب پاوے جماعت تابعدار
سنت و شن کو اور جب نپاوے اس جماعت کو اسواسطے کہ بیشک امامت بدکار کی نہین جائز ہے
حدیث مین اور امامت پڑہی پارسا اور پرہیزگار کی جائز ہے شرح وقایہ مین مَنْ خَصَّ جَمْعَ
الصَّلَوَاتِ فِی الْعَرَفَاتِ فَمِنْهُ الْخَطَاءُ مِنَ الْخَطِیْئَاتِ لِاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صلعم
جَمَعَ الصَّلَوَاتِ فِیْ جَمِیْعِ الْمَوَاضِعَاتِ وَمَا قَالَ بَعْضٌ اِنَّ النَّبِیَّ صلعم صَلّٰی
صَلٰوۃَ الْفَجْرِ قَبْلَ طُلُوْعِهٖ فَهٰذَا الْخَطَاءُ مِنْهُ جسنے خاص کیا اکٹھا کرنا نماز و نکا عرفات
مین پس اوس شخص سے خطا ہے خطاؤن سے اسواسطے کہ بیشک رسول اللہ صلعم نے اکٹھا کی نمازونکو
سب جگہہ جو کہ کہا بعض نے بیشک نبی صلعم نے نماز پڑہی نماز فجر کی آگے ہونے صبح صادق کے
پس یہ خطا ہے اوس سے الْفَصْلُ الْخَامِسُ فِیْ صَلٰوۃِ الْجُمُعَةِ قَبْلَ الزَّوَالِ فصل
پانچوین نماز جمعہ مین لگے دوپہر کے عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَا كُنَّا نَقِیْلُ وَلَا نَتَغَدّٰی
اِلَّا بَعْدَ الْجُمُعَةِ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ تَفْسِیْرُ هٰذَا الْبَعْدِ روایت ہے سہل بن سعد سے کہا
نتھے ہم سوتے اور نہ کہاتے مگر بعد جمعہ کے تفسیر اسکی بعد لگے ہے وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ
الْاَكْوَعِ قَالَ كُنَّا نُصَلِّیْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ ثُمَّ نَنْصَرِفُ
وَلَیْسَ لِلْحِیْطَانِ ظِلٌّ نَسْتَظِلُّ بِهٖ مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ اور روایت ہے سلمہ بن اکوع سے کہا
تھے ہم نماز پڑہتے ساتھ رسول اللہ صلعم کے نماز جمعہ کے پھر پھرتے ہم نماز سے اور نہو تا دیوارون
کے واسطے سایہ کہ لیتے ہم اوس سے سایہ یہ حدیث متفق علیہ ہے فِیْ هٰذَا الْحَدِیْثِ دَلِیْلٌ

عَلٰى اَنَّ وَقْتَ الْجُمُعَةِ يَدْخُلُ قَبْلَ نِصْفِ النَّهَارِ كَمَا هُوَ مَذْهَبُ الْاِمَامِ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ وَغَيْرِهِمْ مِنْ بَعْضِ الْمُحَدِّثِيْنَ وَصَرَّحَ بِذٰلِكَ فِيْ رِوَايَةِ الدَّارَقُطْنِيْ هٰكَذَا يُسْتَفَادُ مِنْ شَرْحِ بُلُوْغِ الْمَرَامِ مِنْ اَدِلَّةِ الْاَحْكَامِ الْمُسَمّٰى بِسُبُلِ السَّلَامِ اِلٰى بُلُوْغِ الْمَرَامِ مِنْ تَاْلِيْفِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ الْاَمِيْرِ اس حدیث مین دلیل ہے اسبات پر کہ بیشک وقت جمعہ کا داخل ہوتا ہے آگے دوپہر کے جیسا کہ یہہ طریقہ امام احمد بن حنبل کا ہے اور سوای انکے بعضی محدثین سے اور صریح کیا گیا اسکے ساتھہ روایت دارقطنی مین اسیطرح بوجہا جاتا ہے شرح بلوغ المرام من ادلہ الاحکام سے نام رکہا گیا ساتھہ سبل السلام الی بلوغ المرام کے تصنیف محمد بن اسمعیل امیر سے تمام ہوا رسالہ سنہ نو اور ساٹہہ اور دوسو اور ہزار مین ہجری نبوی سے فقط

تمت

خطبہ نکاح

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَنَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَنَتَوَكَّلُ عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَنَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صلعم وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَكُلَّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ رَشَدَ وَمَنْ يَّعْصِهِمَا فَاِنَّهٗ لَا يَضُرُّ اِلَّا نَفْسَهٗ وَلَا يَضُرُّ اللّٰهَ شَيْئًا نَسْئَلُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنَا مِمَّنْ يُّطِيْعُهٗ وَيُطِيْعُ رَسُوْلَهٗ وَيَتَّبِعُ رِضْوَانَهٗ وَيَجْتَنِبُ سَخَطَهٗ

فَاِنَّمَا نَحْنُ بِرَسُوْلِہٖ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰاَیُّھَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ
مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْھَا زَوْجَھَا وَبَثَّ مِنْھُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً وَاتَّقُوا
اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ
اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰہَ حَقَّ تُقَاتِہٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ قَالَ اللّٰہُ فَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تُقْسِطُوْا
فِی الْیَتٰمٰی فَانْکِحُوْا مَا طَابَ لَکُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا
فَوَاحِدَۃً اَوْ مَا مَلَکَتْ اَیْمَانُکُمْ وَاَنْکِحُوا الْاَیَامٰی مِنْکُمْ وَالصّٰلِحِیْنَ مِنْ عِبَادِکُمْ وَاِمَآئِکُمْ
اِنْ یَّکُوْنُوْا فُقَرَآءَ یُغْنِھِمُ اللّٰہُ مِنْ فَضْلِہٖ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلعم اَلنِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِیْ
فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ وَقَالَ تَزَوَّجُوا الْوَدُوْدَ الْوَلُوْدَ فَاِنِّیْ اُبَاھِیْ
بِکُمُ الْاُمَمَ ۔

تمت بالخیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ الذی تطمئن بذکرہ القلوب والصلوٰۃ والسلام علی نبیہ المکرم والمحبوب **اما بعد**
سالکان مسلک نبوی و راحلان طریق مصطفوی کو مژدہ و بشارت ہو کہ کتاب فیض انتساب مسمی باعتصام
السنۃ مصنفہ جناب غفران مآب غریق دریائے سنت قامع بنائے بدعت محدث بے مثال متبع احادیث
حبیب ایزد ذوالجلال **مولانا محمد عبد اللہ** مئوی کہ تابعان حضرت نبوت کے واسطے چراغ
ہدایت و عاملان بالسنۃ کے لئے مشعل سعادت ہے عالم قوہ سے فعل میں آئی فی الحقیقت یہ کتاب
قسطاس مستقیم و میزان قویم ہے منسلکان سلسلہ محمدی کو عمل کے واسطے کافی ہے اور امراض اوہام و
شکوک دفع کرنے کے لئے اکسیر کافی ہے جزاہ اللہ عنی وعن سائر العالمین آمین +
وانا المدعو بہ الٰہی بخش متوطن بمبئی فقط

استفتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حامداً و مصلیاً

کیا حکم فرماتے ہین علمای دین متین اس مسئلہ مین کہ

عبداللہ موئی عرف جھاؤ نے اپنے رسالہ مصنفہ موسومہ اعتصام السنیہ مین مسائل خلاف شریعت عقائد
مخالف اہل سنت جماعت تحریر کرتا ہی چنانچہ مشتے نمونہ از خروارے معرض بیان مین آتی ہین اجماع
و قیاس کا انکار کرتا ہی اور اوسکو بہم قرآن کے ساتھ تشبیہ دیتا ہی صفحہ ۳۶ رسالہ مذکورہ مین لکھتا ہی اول ص ۳۶
یعنی قرآن شریف اور حدیث روشن تر ہی مانند سورج چوتھے آسمان کے دوپہر مین اور دوسرا یعنی قیاس
اور اجماع مانند الو بھاگنے والے کے ہی انتہی تفاسیر اور جملہ کتب فقہ و اصول فقہ کو داخل کرنیوالین
کو عذاب کے لکھتا ہی صفحہ ۸ مین ہی اور اسیطرح کافر ہوے محبت مذاہب اربعہ مین کہ ٹھہرالیا اوسکو ص ۸
مولویون نے اور تصنیف کیا واسطے تائید مذہب کے کتابین عقل کی اور وہ کتابین فقہ و اصول کی ہین
جیسے توضیح اور وقایہ اور تلویح اور ہدایہ (یہان تک کہا) کلام اللہ و کلام رسول یقینی ہے
اور مضمرات اور نوادر و نہایہ و محیط و خلاصہ داخل کرین گھر عذاب کیطرف اسواسطے کہ کلام آدمیونکا
عقلی ہی انتہی جملہ مقلدین ائمہ مجتہدین اور تمام اتباع اور معتقدین اولیاء اللہ رضوان اللہ تعالی
علیہم اجمعین کو بہتر فرقون ناری مین شمار کرتا ہی صفحہ ۶۹ مین لکھا ہی اور اسیطرح مذاہب اربعہ جیسے ص ۶۹
حنفیہ و شافعیہ و مالکیہ و حنبلیہ اور غیر اسکا جیسے قادریہ اور مجددیہ اور نقشبندیہ اور چشتیہ بدعت اور بدعت
نہین ہی سنت اور نسبت کرنا اسکی طرف کھینچ لیجاویگا بہتر مذہب کیطرف اسواسطے کہ یہ سب نا بدین
الگ ہین اسواسطے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب دوزخین ہون گی ایک نہین

اور وہ ایک مرد ہی کہ جنگل ہارے ساتھ رہتی قرآن صحیح کے اور حدیث صحیح کے انتہی صحابہ کرام علیہم
السلام پر طعن وافترا کرتا ہی حضرت علی مرتضیٰ یا امیر معاویہ یا حضرت عائشہ رضی کو مصداق آیہ کریمہ ومن یقتل
مؤمنا متعمدا فجزاؤہ جہنم الآیۃ اور حدیث قتال المسلم کفر کا ٹھراتا ہی صفحہ ۶۹ مین لکھتا ہی اس
حدیث مین بُرائی ہی رائے شخص کی کہ مقابلہ کرے ساتھ اوسکے کلام رسول مقبول کو اسواسطے
کہ بیشک ہر نبی معصوم ہین اور غیر انھون کے معصوم نہین ہی اور لینا قول اور فعل انھونکا رحمت کا ہی
یا غضب کا سنت ہی واسطے امت انہون کے اور قول و فعل امت کا انھون کے نہین سنت کسیکے واسطے
جیسے جنگ صفین اور جنگ معاویہ اور علی کا اور جنگ جمل اور جنگ علی اور عائشہ کا اور قتل عثمان کا
اور حسین کا اور گالی عباس کی علی کو اور کینہ فاطمہ کا ابوبکر صدیق کو اور کینہ عمر کا علی کے ساتھ اور سوا
اسکے بہت قصے ہین کہ چاہیے بہت سا دفتر فرمایا اللہ تعالی نے جسنے قتل کیا مومن کو جان بوجھکر
پھر بدلا اوسکا جہنم ہی اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل کرنا مسلمان کا کفر ہی اور گالی دینا اوسکا
فسق ہی روایت کیا اس حدیث کو ترمذی نے اور کینہ زائد تین دن سے بد ہی انتہی بلفظہ نماز تراویح کو
بدعت سیئہ عمریہ لکھتا ہی اور حضرت عمر رض کو مبتدع ضال ناری ٹھراتا ہی معاذ اللہ من ہذہ الکفریات
صفحہ ۲ مین لکھتا ہی اور سوا اسکے اور کرتے ہین بدعت مانند نماز معکوس اور تراویح کے اور نہ پڑھا
اوسکو ابوبکر نے اور کہا اوسکو عمر نے بدعت اور نہ پڑھا عثمان و علی نے مگر جیسا کہ پڑھا رسول اللہ
صلی علیہ وسلم نے تیرہ ۱۳ رکعت اعتکاف مین انتہی پھر صفحہ ۹ مین لکھتا ہی بدعت گمراہی ہی اور ہر گمراہی
دوزخ مین ہی یعنی ہر بدعتی دوزخی ہی اور بدعت اوسے کہتے ہین کہ جو زمانہ رسول اللہ مین نہو مصداق
اوسکا قول عمر کا ہی تراویح مین نعم البدعۃ ہذہ یعنی بدعت ہی تراویح روایت کیا اسکو بخاری نے انتہی بلفظہ
اور اسطرح کے بہت کلمات کفریات و لغویات رسالہ مذکورہ مین لکھتا ہی پس مصنف رسالہ مذکورہ اور مصحح
اور معتقد اور حامی اشاعت اوسکا ملحد کافر خارج از دائرہ اسلام ہی یا فاسق مبتدع ضال مضل آثم
اور ایسے شخصون کے پیچھے نماز جائز ہی یا نہین بینوا مستندین بالکتاب توجروا بحسن المآب فقط

ہے صفحہ ۱۹ میں ہے نہ ثابت ہوا استنجا پتھر اور پانی کا واسطے پیشاب مرد اور عورت کے رسول اللہ صلعم سے
اور تھے ابن عباس ہمیشہ پیشاب کرتے جگہ پیشاب کرنے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے جب تک جیتے رہے انتہی بلفظہ
صفحہ ۵ میں ہے اور قول ... وکر نہ سوا الا قیاس کا یہ کہ پہلے جنے قیاس کیا ابلیس تھا اور صفحہ ۹ میں ہے اور بارہ
امام اونمین ہے امام باقر و جعفر و موسیٰ کاظم وغیرہ ہیں انکی تابعدار ونکو شیعہ کہتے ہیں بمقابل سنی کے
(پھر لکھا) امین اور اومین اتنا فرق ہے بموجب مثل مشہور کے کہ سگ زرد برادر شغال کیونکہ ان دونون میں
اب کفر و شرک اور بدعت اور زنا اور غضب وغیرہ کثرت سے ہے نام کو اسلام میں داخل ہیں
(یہان تک کہ کہا) اور یہ سب امام کسیکا مذہب نہ رکھتے تھے سوائے اطیعوا الله واطیعوا الرسول کے
پھر ان سب تابعدار ونکو چاہیے کہ یہ بھی کسیکا مذہب نہ رکھیں لا مذہب ہون بموجب قول سعدی شیراز
کے الناس علی دین ملوکھم سب لوگ اپنے دین بادشاہون پر ہووین اور مذہب رکھنا بدعت ہے
مصداق اوسکا روایت صحیح نسائی میں ہے کل بدعة ضلالة وکل ضلالة فی النار الخ
صفحہ ۹ میں اور جو یہ آیا ہے کہ بہتر فرقہ دوزخ میں جاوینگے اور ایک بہشت میں اور وہ جسپر
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے اور اونکے سب صحابی تھے اور جو ان دونون کے بعد اوسپر
قائم رہیگا پھر ان چار مذہبون میں سے ایک کو جب لوگے تو ایک ہی بموجب فرمان رسول مقبول کے
بہشتی ہے اور باقی دوزخی اور اسیطرح سے شیخ سید مغل پٹھان کو بھی فرض کر لو اور
چشتیہ قادریہ نقشبندیہ مجددیہ وغیرہ کو ایسے ہی جان لو الخ صفحہ ۱۳ فصل چوتھے جمع تقدیم نماز کی
ظہر میں اور جمع تاخیر نماز کی عصر میں اور دلیل اثبات کی حدیث ابن عباس کی ہے کہ روایت کیا اوسکو مسلم نے
صفحہ ۱۳ جسنے خاص لیا اکٹھا کرنا نمازون کا عرفات میں پس اوس شخص سے خطا ہے خطا اون سے
سو واسطے کہ بیشک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اکٹھا کیا نماز ونکو سب جگہ انتہی صفحہ ۱۳ فصل ۵
نماز جمعہ میں آگے دوپہر کے صفحہ ۱۳۹ بیشک وقت جمعہ کا داخل ہوتا ہے آگے دوپہر کے پس جو شخص
معتقد اور قائل ایسی باتونکا ہوشر ہوگا اوسکا کیا حکم ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

للہ الحمد والمنۃ

وعلی رسولہ الصلوۃ والتحیۃ

اما بعد واضح ہو کہ شہر کانپور میں مسجد جامع کوئی نہ تھی ایک مسلمان دیندار ذی وجاہت نے بنظر خیر خواہی اہل اسلام محض للہ مسجد کرنیل گنج زمانۂ حال میں صاحب کے ساتھ تعمیر جدید کے بہت وسعت دیکر جامع بنا دیا اور مسلمانوں کو ایک جگہ جمعہ پڑھنے پر راغب کیا چنانچہ جمعہ کو بہت نمازیوں کا اجتماع اوسمیں ہونے لگا پھر اوسکے لئے امام اور موذن اور سقا اور اور مصارف ضروری کا بھی بندوبست کر دیا اور ایک عالم کو اسپر مامور کیا کہ جمعہ کو وعظ فرمایا کرے

اور اب استرکار نمی وغیرہ تو تعمیر کی طیاری ہتی ۔

کہ عبدالرحمان خان چہاپہ والے نے مسجد جامع کے واعظ پر ایک افترا باندہکہ

فساد برپا کر کے اس اجتماع اہل اسلام کو برہم کرنا چاہا ۔ مین نہین سمجہتا کہ

عبدالرحمان کی اس سے کیا غرض ہے اگر مسجد جامع سے یہہ اجتماع برہم

ہو جائیگا ۔ تو عبدالرحمان خان اوسمین کوئی کل مطبع کے لئے کہڑی کرینگے

یا کاغذ چہپے ہوئے اوسمین سکہائین گے ۔ یا چاہتے ہین کہ حافظ عبدالغفار

کا بیٹا جنہون نے ایکبار رنجیدگی باجا حکم کہنے سے حضرت عائشہ صدیقہ اور

حضرت ابن عباس اور حضرت انس اور حضرت عبد اللہ بن مسعود اور حضرت

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم کو کافر اور مرتد ٹہرایا جو چند روز امام کی عوضی مین اوسنے

تنخواہ پائی تہی پہر امامت کی تنخواہ پائی ۔ افسوس ہے اون پر جو اپنی نیات

فاسدہ کو دین کے پیرایہ مین لاتے ہین اور محض غرض نفسانی سے مسجد کی ویرانی

چاہتے ہین اور حکم (من اظلم ممن منع مساجد اللہ ان یذکر فیہا اسمہ وسعی فی خرابہا

سے نہین ڈرتے ۔ کون ہے ظالم زیادہ اوس سے جو منع کرے خدا کے

در سے مسجد ونین اور کوشش کرے اونکی ویرانی مین ـ سو عبد الرحمان خان
کو انشاء اللہ تعالی یہ میسر نہوگا کیا وہنین کی جلسہ اس مسجد مین رہے اور دوسرا
کوئی مسلمان اوس مین نماز نہ پڑہ سکے کیا کہ نہ وہ مین اور مسلمان نہین یا کریل محمد زمان خان شاہ
اصل بانی کے وارث نہین جو شاہان والا شان اُنکا نام روشن مسجد مین کرین اور روہ
کچہہ تعرض نکرین ـ عبد الرحمان خان کو حضرت علما سے دینداروں سے وقاً جلستہ
عداوت ہے تال اسکا سوا اسے سو خاتمہ کے اور منشاء اسکا سوا کے فساد
عقیدت اور بد باطنی کے اور کچہہ خیال نہین کیا جاتا ہے علما پر تبرا کرنا اور
افترا باندہنا آپکا وظیفہ ہے اور نئے نئے مضمون تراشکے لوگونکو خطوط نہین بلکہ بہیجنا
ایک لطیفہ ہے ـ مدار المہام منشی جمال الدین صاحب ـ اور نواب مولوی
سید صدیق حسن خانصاحب کو ـ جنکے سبب سے آج بہوپال مین رونق اسلام ہے
اور عبد الرحمان خان کو انکی وجہ سے اوس ریاست سے بہت فائدے بہی ہین کہ اپنے بد اعمال
سے باز نہین آتے اور شب و روز اون پر بہی تبرا کرتے ہین ـ
مولوی محمد شکر اللہ صاحب واعظ جامع ـ اور مولوی عبد الصمد خانصاحب مہتمم مسجد کو

جو عبد الرحمان خان کہتے ہین کہ یہہ تصحیح کرنیوالے اور معتقد اور حامی اشاعت کتاب
اعتصام السنۃ کے ہین یہہ محض افترا ہے یہہ دونون کتاب مذکور کے تصحیح کرنیوالے
ہین اور نہ معتقد اور نہ حامی اشاعت — مولوی محمد شکر اللہ صاحب نے اپنے اور
حاشیئین جو اوس کتاب مین مندرج ہین اگر تصحیح کردی ہون یا کسی شاگرد سے تصحیح
کرا دی ہون تو اس سے وہ مصحح یا معتقد یا حامی اشاعت کتاب مذکور کے نہین
ہو سکتے ہین اگر مصحح ہونگے تو مصحح آیات اور احادیث کے ہونگے — یہہ دونون صاحب
حنفی المذہب ہین اور اعتصام السنۃ کتاب ظاہری المذہب کی اور حنفی اور ظاہری
دونو موافق نہین ہو سکتے ہین — ظاہریہ اول تقلید کو جائز نہین کہتے ہین لیکن
اماموں کو اور اونکی پیروی کو اونہین جو کتاب و سنت کے موافق ہو انتساب سے طرف
پیغمبر خدا صلعم کی نہ انتساب سے طرف اماموں کی اچھا جانتے ہین چنانچہ مصنف
اعتصام السنۃ صفحہ ۳ مین لکھتا ہے نہین لائق اور رائق ہے واسطے سب حنبلیہ
اور شافعیہ اور مالکیہ اور حنفیہ کے یہہ کہ تقلید کرین ان سب اماموں کی اور نسبت نکرین
انکی طرف بلکہ اقتدا کرین انہونکی اور نسبت کرین نبی صلعم کی طرف ساتھہ اسطرح کے

کہ مین محمدی ہون نہ حنبلی اور نہ شافعی اور نہ مالکی او رحنفی ۔ اور صفحہ ۹ مین

لکہتا ہے آدمی تین طرح پر ہین ایک وہ جو کہتا ہے کہ قرآن اگر ہمارے امام

کے قول کے موافق ہے تو اوسکو لین گے اور دوسرے یہہ کہ اگر قول

امام کا موافق قرآن وحدیث کے ہو تو لین گے تیسرے یہہ کہ اگر امام کا قول

موافق قرآن وحدیث کے ہو یا نہو جب بہی لین گے دو صورت مین کافر ہوا

ایک مین مومن ہوا ۔ اور صفحہ ۱۳ مین لکہتا ہے اور امام لوگ بڑے تہے

بڑونکی شان مین ایسی نسبت کرنی بے ادبی ہے نعوذ باللہ منہا یار و جتنے امام آگے

گذرے ہین سب کے اپنا پیشوا سمجہو اور یہ پیچہے ہونیوالے ہین اونکی تابعداری مین

جیسے نہ لاؤ ۔ دوم قیاس اور اجماع غیر صحابہ کا نہین مانتے ہین اور فقہ اور

اصول کی کتابونکو جنمین قیاسی مسائل ہین اور قیاس کا حجت ہونا مذکور ہے

اچہا نہین جانتے ہین اور عقل اور رائے کی کتابین کہتی ہین ۔ سیوم اون

مقلدونکو جو تقلید اماموںکی مخالف کتاب وسنت مین کرتے ہین برا کہتے ہین ۔

عبدالجبارخان نے استفتا مین جو صفحہ ۱۶ سے ص ۲ مین نقل کیا وہ نہایت برا مزہ آتا ہے

اور جو صفحہ ۱ اور صفحہ ۱۰۳ اور صفحہ ۱۱۱ سے نقل کیا وہ بنا بر امر موہوم ہے —

اور جو صفحہ ۷۶ سے صفحہ مین اور صفحہ ۱ سے صفحہ مین اور صفحہ ۹ سے نقل کیا

وہ بنا بر امر موہوم ہے — اور جو صفحہ ۱۱ اور صفحہ ۱۲ اور صفحہ ۱۳ سے

نقل کیا وہ مسائل فرعیہ ظاہریہ کے ہین — صفحہ ۱۱ مین حضرت سے نہ ثابت ہونا

استنجا کا پتھر اور پانی سے جو لکھا مراد اوس سے نفی ثبوت مجموع ہے نہ نفی

ثبوت ہر واحد — اور جو صفحہ ۲ اور صفحہ ۹ سے صفحہ مین نقل کیا اوسمین نماز

تراویح کو بدعت سیئیہ عمریہ اور حضرت عمر کو مبتدع ضال ناری کہان لکھا ہے

اوسمین تو تراویح رائج کو نہ تراویح تیرہ رکعت کو بدعت سیئیہ کہا ہے نہ بدعت عمریہ

اور نہ حضرت عمر کو مبتدع ضال ناری بلکہ بدعت ہونا حضرت عمر کے قول سے ثابت

کیا ہے اور بطریق تہکم مانند فبشرہم بعذاب الیم کی نعم کو بئس کی جگہہ مستعمل ٹھہرایا ہے

اور صفحہ ۶۹ مین حضرت علی مرتضی اور حضرت عائشہ اور امیر معاویہ کو کہان مصداق کسی آیت

یا حدیث کا ٹھہرایا ہے بلکہ نفس اون افعال کی جو مشاجرات مین صحابہ وغیرہم سے صادر

ہوئے آیت اور حدیث سے برائی بیان کی ہے امراد سے کہ تمسک کے لائق

[illegible] صحابہ کرام کو [illegible] اگر یہی مقصود ہوتا تو مقصد

وہ قبول ہونا [illegible] ہوتے نہ حضرت علی مرتضی یا امیر معاویہ

یا حضرت [illegible] اور [illegible] زرد براہ [illegible] نقل کیا بعہ شیعہ

اور [illegible] پڑہین سیتے نہ اہل بیت اور اماموں کو

[illegible] کا اسوجہ سے کہ تقلید

مجتہدین [illegible] اور اجماع کو جیسا کہ انہو نہین مانتا

[illegible] فقہ اور اصول [illegible] وغیرہا کو عقل کی کتابین کہتا ہے

اور حضرت سے نہ ثابت ہونا پانی اور [illegible] دونو کا پیشاب کے استنجا مین بیان کرتا ہے

اور جمع مین الصلاتین نے الحضر اور دخول وقت نماز جمعہ کا قبل زوال کے قائل ہے

کہ سب بنا بر مذہب ظاہریہ ہین اور اسوجہ سے کہ تراویح رائج کو نہ تراویح تیرہ رکعت کو

بدلیل قول حضرت عمر بدعت سیئہ کہتا ہے اور نعم کو حضرت عمر کے قول مین بمعنی بس لیتا ہے

اگرچہ خاطی اور بے ادب ہے اور متکلم بہ کلام مجنونانہ لیکن ملحد اور کافر نہین ہو سکتا ہے

کتب فقہ مین لکہا ہے کہ جب کلام مین ننانوے وجہ کفر کی ہون اور ایک وجہ عدم کفر

کی تو مفتی کو چاہئے کہ میل کرے طرف اسی وجہ کی طرف جو مانع ہو کفر سے — مولف
اعتصام السنہ نے تو نہ کسی امام اور صحابی کو اور خاص اماموں کی کسی کتاب پر کہا ہے
اگر برا کہا ہے تو ان مقلدوں کو کہا ہے جو مسائل مخالف کتاب و سنت میں اپنے اماموں کی
تقلید کرتے ہیں اور تراویح رائج حال کو جو بدعت کہا ہے تو حضرت عمر کے قول
کی تاویل کر کے کہا ہے کہ وہ تاویل غلط ہے — دیکھو وہ لوگ جنہوں نے اماموں کو
برا کہا اور خاص اماموں کی کتابوں میں نظر کرنے سے منع کیا جیسے سفیان ثوری —
امام احمد — ابو زرعہ — ذکریا ساجی — یحیی بن معین — شریک —
ابن مبارک — امام غزالی — وغیرہم یہی ملحد اور کافر نہیں ٹھہرائے گئے ہیں شاید
اور امام بخاری انکو بھی ملحد اور کافر کہتے ہوں — بخاری نے تاریخ صغیر میں روایت
کیا ہے کہ جب سفیان ثوری کے پاس امام ابو حنیفہ کی وفات کی خبر پہونچی تو کہا الحمد للہ
تھا ابو حنیفہ توڑتا اسلام کو اور نہیں ہے اسلام میں کوئی شوم زیادہ اوس سے —
اور امام غزالی نے منخول میں لکھا ہے کہ ابو حنیفہ نے بدل ڈالا شریعت کو اور مشوش
کر دیا مسالک شریعت کو اور کاٹ ڈالا چہرا شریعت کا — اور خطیب نے اپنی کتاب میں

ذکر کیا ہے کہ امام احمد سے پوچھا گیا نظر کرنیکو ابو حنیفہ کی کتابونمین کہ جائز ہے یا نہین
کہا نہین جائز ہے نظر کرنا ابو حنیفہ کی کتابونمین — لسان المیزان مین مذکور ہے کہ
امام ابو یوسف نے کہا کہ محمد بن الحسن جھوٹ باندھتا ہے مجھپر — اور حنبل بن اسحق نے امام احمد
نقل کیا ہے کہ کہا امام احمد نے کہ محمد بن الحسن اور اوسکا استاد مخالف ہے اثر یعنی حدیث کے
ابو زرعہ نے کہا کہ تھا محمد بن الحسن جہمی اور اسیطرح اوسکا اوستاد — اور ذکریا ساجی نے
کہا کہ تھا محمد بن الحسن مرجی — اور یحیی بن معین نے کہا کہ تھا محمد بن الحسن جہمی کذاب —
اور ابن ابی مریم — اور ابو داؤد نے کہا کہ محمد بن الحسن کچہ نہین ہے اور نہ لکہی جاتی حدیث
اوسکی — اور شریک نے امام ابو یوسف کی گواہی کو رد کردیا — اور ابن مبارک نے کہا کہ
ابو یوسف واہی ہے — اور یزید بن ہارون نے کہا نہین حلال ہے روایت ابو یوسف کہ یتیمونکے مال
مضاربہ کرتا تہا اور نفع اوسکا آپ کہہ لیتا تہا — ائمہ مجتہدین بزرگان دین تہے انکو لوگونکے برا
کہنے سے برے نہین ہو سکتے ہین بہت ائمہ دین نے اونکی مدح سے اپنی زبان کو تر کیا ہے مقصود
میرا اسیقدر ہے کہ جب اماموںکے برا کہنے والے ملحد اور کافر نہوئے تو اونکے مقلدونکے
برا کہنے والے کا خیال ہے کہ یہہ تقلید کرتے ہین اوسمین جو مخالف ہے کتاب و سنت سے گو یہہ

خیال غلط ہے کیونکہ ملحد اور کافر ہو سکتے ہین ۔ امام رازی نے تفسیر کبیر مین ذیل
آیۃ کریمہ ۔ اتخذوا احبارہم ورہبانہم اربابا من دون اللہ کے لکھا ہے کہ ۔ ایک جماعت
مقلدین فقہا کو مینے دیکھا کہ بہت آیتین قرآن المجید کی جو اونکے بعض مسائل کے خلاف تہین
اون پر تلاوت کی گئین وتہون نے اون آیتونکو قبول نکیا اور اونکی طرف التفات نکیا
اور مانند متعجب کی میری طرف تکنے لگے یعنی کیونکر ممکن ہوگا عمل ساتہ ظاہر ان آیتونکے
باوجودیکہ ہمارے اگلونکی روایتین ان آیتونکے خلاف پر وارد ہین اور اگر تامل کریگا تو تو پائیگا
تو اسکو ساری عرف مین اکثر اہل دنیا کے ۔ مولف اعتصام السنۃ نے کہ ایک شخص مجنون تہا
اور بہت دن بسبب جنون کے گہر مین قید رہا تو حضرت عمر کو کچھ برا نہین کہا بلکہ اونکے
کلام کی تاویل سے اپنا مدعا ثابت کیا ہے گو وہ تاویل غلط ہے لیکن مسک الختام مین
جو عبدالرحمان خانصاحب نے چہاپی اور آج تک اوسکو نہیچتے ہین تراویح کو بدعت ضلالہ ٹہیرایا
اور حضرت عمر کے قول کو رد کیا کہ اونکا نعم البدعۃ کہنا درست نہین ہے بدعت لائق مدح کے نہین
ہوتی بلکہ ہر بدعت ضلالت ہے چنانچہ آئندہ ذکر اسکا آئیگا اور شیعہ جو حضرت عمر اور
صحابہ کرام پر تبرا کرتے ہین اونکی تکفیر مین بہی علما کو کلام ہے جیسا کہ بملاحظہ

شرح مسلم بحر العلوم سے کہ ظاہر ہے ۔ اور جبکہ اسلام قائم ہے ساتھ اونکے شروط امامت
اوسکے پیچھے نماز جائز ہے اگرچہ فاسق اور مبتدع ہو تخلف جماعت سے بسبب فسق یا بدعت
امام کے جائز نہین ۔ شرح عقائد نسفی مین ہے قوله ۔ ہے جائز ہے نماز پیچھے بر اور فاجر کے
بسبب فرمانے ما آنحضرت کے نماز پڑہو پیچھے ہر بر اور فاجر کے اور اسلئے کہ علمای امت تہے
نماز پڑہتے پیچھے فاسقون اور اہل اہوا اور بدع کے بدون انکار کے ۔ اور بالفرض
اگر مصحح اور حامی اشاعت اعتصام السنۃ ملحد اور کافر خارج دائرہ اسلام سے ہو تو عبد الرحمن صاحب
بہی بسبب کاپی لکہانے اور صحیح کرانے اور چہاپنے اور بیچنے ۔ مسک الختام ۔ اور
افادة الشیوخ ۔ اور حل سوالات مشکلہ ۔ کے جو بڑی حمایت اشاعت ان کتابونکی ہے
ملحد اور کافر خارج از دائرہ اسلام ہونے سے بچ نہ سکینگے ۔ جلد اول مسک الختام کے صفحہ ۲۴۲
اور صفحہ ۲۴۳ مین ثابت کیا ہے کہ نماز جمعہ کا وقت آجاتا ہے دوپہر سے پہلے ۔ اور بہی جلد اول
مسک الختام کے صفحہ ۱۰۸ مین لکہا ہے کہ مقرر کرنیوالے جماعت کے عدد بیس تراویح
مین عمر ہین اور انہون نے نام اوسکا بدعت کیا ہے اور قول عمر کا نعم البدعۃ پس نہین ہے بدعت
مین جو مدح کیجاتی ہو بلکہ ہر بدعت ضلالت ہے ۔ پہر اسی جلد کے صفحہ ۲۱۳ مین لکہا کہ تراویح

خ اب اعتقاد ہے آنحضرت صلعم کے زمانے مین واقع نہین ہوئی عمر بن الخطاب نے اپنی خلافت

مین یہہ بدعت نکالی ہے ۔ اور افادۃ الشیوخ کے صفحہ ۹۰ مین لکھا ہے یہانتک معلوم

ہوا کہ منع ہونا تقلید کا اگر اجماعی نہین ہے مذہب جمہور کا تو ہے اور مسود اسکا بھی اجماع

ناجائز ہونے تقلید اموات پر ۔ اور یہہ جو اتباع جز تقلید کی اوکہہیڑتے ہین بس عجب اونسے

ہے جو ساتھہ اپنے جہل کے قناعت نکرکے اپنی اور اپنے غیر کے جان پر تقلید واجب کرتے

ہین باوجودیکہ تقلید جہل ہے نہ علم ۔ اور حل سوالات مشکلہ کے صفحہ ۴۲ مین

لکھا ہے کہ جائز ہونا جمع کا درمیان دو نماز ونکے حضر مین اور سفر مین عذر کے ساتھہ اور

بدون عذر کے قول ہے ۔ ابن سیرین ۔ اور ربیعہ ۔ اور ابن المنذر ۔

و قفال کبیر کا ۔ اور حکایت کیا ہی اسکو خطابی نے اصحاب حدیث کی ایک جماعت سے

اس کتاب کے صفحہ ۱۰۲ مین جمع بین الصلوٰتین کو حضر مین عذر سے منتقی الاخبار سے ثابت

کیا ہے ۔ پس مصحح اور حامی اشاعۃ اعتصام السنۃ اور عبدالرحمانخان جو نو برابر ہین

اگر وہ ملحد اور کافر دائرہ اسلام سے خارج ہے تو عبدالرحمان خان بھی ملحد اور دائرہ اسلام سے

خارج ہین فقط   راقم پیرو اہل حق محمد شہود الحق

مطبع خورشید ہند مراد آباد مین چھاپا گیا

۱۹۷۶۲۵

آخری درج شدہ تاریخ پر یہ کتاب مستعار لی گئی تھی مقررہ مدت سے زیادہ رکھنے کی صورت میں ایک آنہ یومیہ دیرانہ لیا جائیگا۔

کتب خانہ جامعہ عثمانیہ

۱۔ اراکین مجلس [illegible] بیک وقت [illegible] کتابیں [illegible]

۲۔ اساتذہ [illegible] کتابیں [illegible]

۳۔ طلباء [illegible]

۴۔ مدت [illegible]

۵۔ [illegible]

۶۔ کتاب [illegible]

[illegible]

۸۔ [illegible]